**CONFIDENTIAL**

**Not to be released for publication in the press before presentation to the Assembly**

# PROVINCIAL ASSEMBLY OF THE PUNJAB

## REPORT OF THE COMMITTEE ON PRIVILEGES REGARDING PRIVILEGE MOTION NO. 27/2014 MOVED BY MIAN NAVEED ALI, MPA (PP-228)/PARLIAMENTARY SECRETARY FOR LABOUR AND HUMAN RESOURCE

Privilege Motion No.27/2014 moved by Mian Naveed Ali, MPA (PP-228)/Parliamentary Secretary for Labour and Human Resource (Annexed) was referred to the Committee on Privileges on 10 December 2014. The Committee considered the Privilege Motion in its meetings held on 13 January, 27 April 2015 and 24 March 2016.

**2.** The following attended –

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Chaudhary Muhammad Iqbal, MPA (PP-98) | Chairman |
| 2. | Haji Ehsan-ud-Din Qureshi, MPA (PP-197)<br>(attended on 13 January, 27 April 2015) | Member |
| 3. | Mr Mehdi Abbas Khan, MPA (PP-205)<br>(attended on 13 January 2015) | Member |
| 4. | Syed Hussain Jahania Gardezi, MPA (PP-213)<br>(attended on 13 January 2015 and 24 March 2016) | Member |
| 5. | Mr Ejaz Hussain Bukhari, MPA (PP-15)<br>(attended on 27 April 2015 and 24 March 2016) | Member |
| 6. | Mr Ahmad Shah Khagga, MPA (PP-229) | Member |
| 7. | Mian Naveed Ali, MPA (PP-228)/<br>Parliamentary Secretary for Labour and Human Resource<br>(attended on 13 January 2015) | *Mover* |

**3.** Mr Muhammad Zubair, Deputy Secretary, Services and General Administration Department, Mr Mohsin Bukhari, Deputy Director, Law & Parliamentary Affairs Department, Punjab attended the meeting as Expert Advisor. Mr Faiz-ul-Basit, Additional Secretary, (Committees) Provincial Assembly of the Punjab functioned as Secretary to the Committee.

**4.** Mian Naveed Ali, MPA (PP-228)/Parliamentary Secretary for Labour and Human Resource informed the Committee in writing that since the grievances which led to move Privilege Motion had beed redressed by Mr Javed Akhtar Mahmood, the then DCO therefore, he did not intend to press his Privilege Motion and wanted to withdraw his Privilege Motion.

**5.** The Committee, unanimously, decided to recommend the Assembly that the Privilege Motion may be treated as disposed of being withdrawn by the Mover.

Lahore
*24 March, 2016*

**CHAUDHARY MUHAMMAD IQBAL**
*Chairman*
*Committee on Privileges*

---

*Lahore*
*24 March, 2016*

**(RAI MUMTAZ HUSSAIN BABAR)**
*Secretary*

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## تحریک استحقاق نمبر 27 بابت 2014

-1

**میاں نوید علی:** میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کیلئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ محرم الحرام میں ہر سال پاکپتن شریف میں حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ کا عرس مبارک منایا جاتا ہے۔ جس میں زائرین کا بہت رش ہوتا ہے اور زائرین کو پریشانی سے بچانے کیلئے کیمپ لگائے جاتے ہیں۔ حسب روائیت کینال ریسٹ ہاؤس میں، میں نے اپنے خرچ سے کیمپ لگایا۔ جب یہ بات DCO پاکپتن جاوید اختر محمود تک پہنچی تو اس نے سخت ناپسندیدگی کا اظہار کیا۔ کینال ریسٹ ہاؤس میں آنے والے زائرین میں سے مہمانوں کو پولیس کی طرف سے روکا گیا اور سازش کے تحت میرے لگائے گئے کیمپ آفس میں بہت زیادہ زائرین کو اچانک بھیج کر حالات خراب کرنے کی کوشش کی اور جب میں نے باہر نکل کر دیکھا تو میں نے زائرین کو واپس بھجوا دیا۔ جس کے بعد DCO پاکپتن جاوید اختر محمود وہاں پر تشریف لے آئے اور ڈیوٹی پر موجود ASI کو حراساں کر کے میرے خلاف وائرلیس چلانے کا حکم دیا کہ میں نے انتظامیہ کو تشدد کا نشانہ بنایا ہے اور بدتمیزی کی ہے۔ DCO نے مجھ سے تصدیق کئے بغیر اور DPO کو مطلع کئے بغیر کمشنر صاحب کو میرے خلاف قانونی کارروائی کرنے کیلئے فون کر دیا اور کمشنر نے RPO کو فون کیا اور RPO نے DPO شاہنواز سندھیلہ سے معاملے کی انکوائری کرنے کا کہا۔ جس میں ڈیوٹی پر موجود ASI نے تمام اصل حقائق DPO کو بتا دیئے کہ ہم پر کوئی بھی تشدد ایم پی اے کی طرف سے نہیں کیا گیا اور یہ سارا کچھ DCO نے مجھے ہراساں کر کے وائرلیس کروائی ہے۔ جب میں نے DPO کو اس بارے میں DCO کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کیلئے درخواست کی تو اس نے درگزر کیا۔

جناب سپیکر! DCO پاکپتن نے مجھ سے کسی ذاتی عناد کی وجہ سے میرے ساتھ غلط رویہ اختیار کیا اور میرے خلاف سازش کر کے میری سیاسی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔ حالانکہ DPO کی انکوائری میں DCO کی طرف سے تیار کی گئی متذکرہ بے بنیاد گھناؤنی سازش بے نقاب ہو گئی ہے۔ اسکے باوجود DCO کے خلاف قانونی کارروائی نہیں کی جا رہی ہے۔ جس سے بطور عوامی نمائندہ میرا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا میری اس تحریک کو ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے اور اسے باضابطہ قرار دیتے ہوئے مجلس استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

لاہور

2 دسمبر 2014

رائے ممتاز حسین بابر
سیکرٹری

3 دسمبر 2014

Asif